# صحیح طریقے سے خدا کی عبادت کریں (حصہ 2)

یہ مشق کتاب ”پاک کلام کی تعلیم حاصل کریں“ کے باب 16 پر مبنی ہے۔ یہ کتاب jw.org پر دستیاب ہے۔

**اِس مشق کا مقصد:** اِس بات کا جائزہ لیں کہ آپ کیا مانتے ہیں اور کیوں؛ اِس حوالے سے پاک کلام کی تعلیم کیا ہے اور آپ اپنے عقیدوں کی وضاحت کیسے کر سکتے ہیں۔



## کیا سچے مسیحیوں کو دوسروں کو اپنے عقیدوں کے بارے میں بتانا چاہیے؟

### 1 اپنے نظریات کا جائزہ لیں

کچھ لوگ اِس سوال کا جواب ہاں میں کیوں دیں گے؟

کچھ لوگ اِس سوال کا جواب ناں میں کیوں دیں گے؟

آپ کیا مانتے ہیں؟

آپ ایسا کیوں مانتے ہیں؟



www.jw.org © 2017 Watch Tower Bible and Tract Society of Pennsylvania

# 2 پاک کلام کی تعلیم پر غور کریں

## سچے مسیحی دوسروں کے ساتھ مذہبی عقیدوں پر بحث نہیں کرتے۔

(کتاب ”پاک کلام کی تعلیم“ کے باب 16 پیراگراف 13-17 کو دیکھیں۔)

**کُلسّیوں 6:4 کو پڑھیں۔**

اِس آیت سے کیسے ظاہر ہوتا ہے کہ دوسروں کو اپنے عقیدوں کے بارے میں بتاتے وقت ہمیں سمجھ داری سے کام لینا چاہیے؟

**متی 12:7 کو پڑھیں۔**

اگر دوسرے لوگ ہمارے عقیدوں سے متفق نہ بھی ہوں تو بھی ہمیں اُن کے لیے احترام کیوں ظاہر کرنا چاہیے؟



جس طرح کیچ کیچ کھیلتے ہوئے ہم بال کو اِس طرح پھینکتے ہیں کہ دوسرے اِسے آسانی سے پکڑ سکیں اُسی طرح دوسروں کو اپنے عقیدوں کے بارے میں بتاتے وقت ہمیں سمجھ داری سے کام لینا چاہیے تاکہ وہ اِنہیں آسانی سے سمجھ سکیں۔



www.jw.org © 2017 Watch Tower Bible and Tract Society of Pennsylvania

سچے مسیحی اپنے ہم ایمانوں کے ساتھ جمع ہوتے ہیں اور یہ سیکھتے ہیں کہ وہ اُن لوگوں سے کیسے بات کر سکتے ہیں جو اُن کے عقیدوں کے بارے میں جاننا چاہتے ہیں۔

(کتاب ”پاک کلام کی تعلیم“ کے باب 16 پیراگراف 18، 19 کو دیکھیں۔)

**زبور 22:22؛ رومیوں 12:1 اور عبرانیوں 10:24، 25 کو پڑھیں۔**

اپنے ہم ایمانوں کے ساتھ خدا کی عبادت کے لیے جمع ہونے سے ہمیں کیا فائدے ہوتے ہیں؟

**ملاکی 3:10 کو پڑھیں۔**

اگر ہم صحیح طریقے سے خدا کی عبادت کرنے کا فیصلہ کریں گے تو ہمیں کس بات کا تجربہ ہوگا؟

آپ کن کو اپنے عقیدوں کے بارے میں بتا سکتے ہیں اور ایسا کرتے وقت آپ سمجھ داری کیسے ظاہر کر سکتے ہیں؟



www.jw.org © 2017 Watch Tower Bible and Tract Society of Pennsylvania

## 3 اپنے عقیدوں کی وضاحت کریں

اگر کوئی کہتا ہے کہ . . .

**یہوواہ کے گواہ ہمیشہ دوسروں پر اپنے عقیدے تھوپنے کی کوشش کرتے ہیں۔**

آپ کہہ سکتے ہیں کہ . . .

**ہم خوشی سے اُن لوگوں کو اپنے عقیدوں کے بارے میں بتاتے ہیں جو اِن کے بارے میں جاننا چاہتے ہیں۔ لیکن ہم کبھی بھی دوسروں کو اپنے عقیدے بدلنے پر مجبور نہیں کرتے کیونکہ . . .**

آپ اُس شخص کو کون سی آیت دِکھا سکتے ہیں؟

آپ اُس شخص کے نظریے کو ذہن میں رکھتے ہوئے اِس آیت کی بِنا پر کون سی دلیلیں دیں گے؟

اگر کوئی کہتا ہے کہ . . .

**مذہب ہر شخص کا ذاتی معاملہ ہے۔ اِس لیے اِس کے بارے میں دوسروں سے بات نہیں کرنی چاہیے۔**

آپ کہہ سکتے ہیں کہ . . .

**آج کل بہت سے لوگ ایسا ہی سوچتے ہیں۔ لیکن بائبل میں ہماری حوصلہ‌افزائی کی گئی ہے کہ ہمیں اپنے عقیدوں کے بارے میں بات کرنی چاہیے کیونکہ . . .**

آپ اُس شخص کو کون سی آیت دِکھا سکتے ہیں؟

آپ اُس شخص کے نظریے کو ذہن میں رکھتے ہوئے اِس آیت کی بِنا پر کون سی دلیلیں دیں گے؟



www.jw.org © 2017 Watch Tower Bible and Tract Society of Pennsylvania